## ڈنمارک کے سفیر کی نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے اراکین سے ملاقات

## بلدیاتی اداروں کی کارکردگی، دہشت گردی کے عفریت اور ملک کی مجموعی سیاسی و معاشی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا

کراچی۔۔۔24، جولائی 2009ء

ڈنمارک کے سفیر (Anders C. Hougaard) نے جمعہ کے روز متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین سید شعیب احمد بخاری ایڈووکیٹ، رضا ہارون، کنور خالد یونس اور حق پرست نائب سٹی ناظمہ کراچی محترمہ نسرین جلیل سے ملاقات کی۔اس وقع پر ڈنمارک کی قونصل جنرل ناہید ارشاد الدین بھی موجود تھیں۔ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی و معاشی صورتحال، مذہبی انتہاء پسندی، بلدیاتی اداروں کی کارکردگی اور دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات ڈیڑھ گھنٹہ تک جاری رہی۔ بعدازاں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے ڈنمارک کے سفیر کو ایم کیوایم شعبہ اطلاعات کا دورہ بھی کرایا۔

## جسقم کے چیئر مین بشیر قریشی پر قاتلانہ حملے کا نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

## لینڈ مافیا اور ڈرگ مافیا کے دہشت گرد سندھ کے مستقل باشندوں کیخلاف مسلح دہشت گردی صوبے کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش ہے

کراچی۔۔۔24، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سچل کے علاقے میں جسقم کے چیئر مین بشیر قریشی پر قاتلانہ حملے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور حملے کے نتیجے میں جسقم کے مقامی صدر مشتاق خاصخیلی کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا ظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ صفورا گوٹھ چورنگی سے گزرنے والی جئے سندھ کی ریلی پر حملہ قابل مذمت ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ لینڈ مافیا اور ڈرگ مافیا کے دہشت گردوں کی جانب سے سندھ کے مستقل باشندوں کیخلاف مسلح دہشت گردی کے واقعات صوبے کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش ہے اور جو عناصر اس قسم کی دہشت گردی میں ملوث ہیں وہ سندھ دھرتی اور اس کے عوام کے کھلے دشمن ہیں۔رابطہ کمیٹی نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ جسقم کی ریلی پر حملہ کرنے والے عناصر کو گرفتار کر کے سخت ترین سزادی جائے۔رابطہ کمیٹی نے بشیر قریشی سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور مشتاق خاصخیلی کی شہادت پر دلی تعزیت کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## حیدرآباد میں ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے تحت غلام شاہ کلہوڑ وفلائی اوور کے افتتاح پر رابطہ کمیٹی کا

## حق پرست بلدیاتی قیادت کو زبردست خراج تحسین

کراچی۔۔۔24، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے حیدرآباد میں ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے تحت غلام شاہ کلہوڑ وفلائی اوور کے افتتاح کا خیر مقدم کیا ہے اور حق پرست بلدیاتی قیادت کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ غلام شاہ کلہوڑ وفلائی اوور سے حیدرآباد کے شہریوں کو مزید بہتر سفری سہولیات میسر آئیں گی اور شہر میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے میں مدد ملے گی۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ حق پرست بلدیاتی قیادت قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر عوام کے مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہے اور حیدرآباد میں ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل حق پرست عوامی نمائندوں کی بلا امتیاز وتفریق عوامی خدمت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔رابطہ کمیتی نے غلام شاہ کلہوڑ وفلائی اوور اور دیگر ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل پر حیدرآباد کے ڈسٹرکٹ ناظم کنور نوید، نائب ڈسٹرکٹ ناظم ظفر راجپوت، تعلقہ ناظمین، نائب ناظمین، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین اور کونسلروں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## KESC،حکومت کی جانب سے 12 ارب کی سبسڈی ملنے کے باوجود بجلی کی فراہمی میں ناکام رہی
## حق پرست سینیٹر کرنل (ر) طاہر مشہدی کا سینیٹ میں وقفہ سوالات کے دوران کے ای ایس سی کی ناقص کارکردگی پر شدید احتجاج

اسلام آباد۔۔۔24، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست سینیٹر کرنل (ر) طاہر مشہدی نے کہا ہے کہ KESC اپنے 350 ملین ڈالر اور حکومت کی جانب سے 12 ارب روپے کی سبسڈی دینے کے باوجود بجلی کی فراہمی کے نظام کو بدلنے میں ناکام رہی ہے اور اس سلسلے میں اس ادارے کی انتظامیہ نے ایک پیسہ بھی خرچ نہیں کیا۔ یہ بات انہوں نے سینیٹ میں وقفہ سوالات کے دوران کراچی میں بجلی کی غیر اعلانیہ اور طویل دورانئے کی لوڈ شیڈنگ پر شدید احتجاج کرتے ہوئے کہی۔ طاہر مشہدی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ڈیڑھ سال سے KESC کی نااہلی، عوام دشمن رویہ اور اس کی ناقص کارکردگی پر ملک کے ایوانوں میں آواز بلند کرتی رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ KESC کی ناقص کارکردگی کے باعث لوڈ شیڈنگ ہر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کیلئے ناقابل برداشت ہوچکی ہے اور گھنٹوں لوڈ شیڈنگ سے عوام کی زندگی اجیرن بن چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کی صنعت، کاروبار، اسپتال، تعلیمی ادارے اور دکانیں تباہی کا شکار ہیں اور KESC کی انتظامیہ ادارے کی کارکردگی کو بہتر بنانے کیلئے کوئی صلاحیت نہیں رکھتی۔ طاہر مشہدی نے مطالبہ کیا کہ KESC کی ناقص کارکردگی پر ادارے کو فی الفور قومی تحویل میں لیا جائے۔ اس موقع پر سینیٹ میں دیگر جماعتوں کے اراکین نے بھی طاہر مشہدی کے مئوقف کی تائید کی۔

## کراچی میں بجلی کی طویل اور غیر اعلامیہ لوڈ شیڈنگ کے خلاف کے ای ایس سی کی ناقص کارکردگی کا فوری نوٹس لیا جائے۔ شعبہ خواتین

کراچی۔۔۔24ء جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین نے کہا ہے کہ کراچی میں بجلی کی طویل اور غیر اعلامیہ لوڈ شیڈنگ سے صنعتی، تعلیمی، کاروباری سرگرمیاں تباہ ہوچکی ہیں جسکی وجہ سے عوام اشتعال پایا جارہا ہے اور ضرورت اس امر کی ہے کہ کے ای ایس سی کی ناقص کارکردگی پر اسے فی الفور قومی تحویل میں لیا جائے۔ یہ بات ایم کیو ایم شعبہ خواتین گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہ حق پرست عوامی نمائندوں اور ممبران قومی اسمبلی ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین اور کونسلرز نے گزشتہ روز کو رکراچی پریس کلب کے باہر پرامن مظاہرہ کے جو کہ کے ای ایس سی کی جانب سے ایک عرصے طویل لوڈ شیڈنگ کے خلاف تھا۔ انہوں نے کہ ہنگامی بنیادوں پر اس مسئے کا فوری حل تلاش کیا جائیں تاکہ عوامی خدمت کی بہترین مثال قائم کی جائے اور کے ای ایس سی کے انتظامیہ سے نااہل افراد کو ہٹا کر عوامی نمائندوں کے سپرد کیا جائے۔ شعبہ خواتین نے صدر آصف زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، گورنر سندھ عشرت العباد، اور وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے اس مسئلے کو حل فوری طور پر کرنے کا پرزور مطالبہ کیا ہے اور کہا کہ کے ای ایس سی کی نااہلی اور مجرمانہ غفلت کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس ادارے کو فی الفور قومی تحویل میں جائے تاکہ شہریوں کو بجلی کے بحران سے نجات دلائے جائے سکے۔

## علم کے حصول کے ذریعے ہی قوموں کی تقدیریں سنواری جاتی ہیں، اے پی ایم ایس او
## APMSO کے چیئرمین وحید الزماں کا سیکٹر "سی" کے کارکنان کی تربیتی نشست کے اجتماع سے خطاب

کراچی۔۔۔24ء جولائی 2009ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین وحید الزماں اور سینئر وائس چیئرمین ندیم احمد خان نے کہا کہ اے پی ایم ایس او کے کارکنان تحریک کے نظریئے اور اسکے مشن ومقصد کے حصول کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کررہے ہیں۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز اے پی ایم ایس او سیکٹر "سی" کے یونٹوں کی تربیتی نشست کے موقع پر کارکنان کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ تربیتی نشست میں تعلیمی اداروں کے کارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ وحید الزماں نے کہا کہ علم کے حصول کے ذریعے ہی قوموں کی تقدیریں سنواری جاتی ہیں اور اے پی ایم ایس او تعلیمی اداروں میں طلباء میں علم کی اہمیت کو اجاگر کررہی ہے تاکہ وہ ملک وقوم کی ترقی میں بھرپور کردار ادا کرسکیں۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ہمیشہ علم کے حصول کو اولین ترجیح دی ہے اور طلباء کارکنان کو عمل وکردار کی قابل تقلید مثالیں قائم کرنے کا درس دیا ہے۔ انہوں کارکنان پرزور دیا کہ وہ اپنی تعلیم پر بھرپور توجہ دیں اور تحریک کے فکر وفلسفے اور نظریئے کے فروغ کیلئے اپنا عملی کردار ادا کریں۔

## حق پرست عوام،سید افضال شاہ کے صاحبزادے عامر افضال کی صحت یابی کیلئے دعا کریں،الطاف حسین

کراچی۔۔۔24،جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی،آل پاکستان اخبار فروش فیڈریشن کے مرکزی صدر اور خدمت خلق فاؤنڈیشن حیدرآباد کے انچارج سید افضال شاہ کے صاحبزادے عامر افضال کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ سید افضال شاہ کے صاحبزادے عامر افضال کی صحت یابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں ۔واضح رہے کہ عامر افضال دل کا دورہ پڑنے کے باعث شدید علیل ہیں اور مقامی اسپتال میں زیر علاج ہیں۔

## ایم کیوایم ٹنڈو محمد خان سیکٹر کے سابق سیکٹر انچارج عبدالواحد غوری انتقال کر گئے،رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔24،جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون ٹنڈو محمد خان سیکٹر کے سابق سیکٹر انچارج عبدالواحد غوری علالت کے باعث انتقال کر گئے۔مرحوم جگر کے عارضے کے باعث کراچی کے مقامی اسپتال میں زیر علاج تھے۔گزشتہ روز ان کی طبیعت زیادہ بگڑ گئی اور وہ انتقال کر گئے۔انتقال کی خبر ملتے ہی حق پرست صوبائی وزیر زبیر احمد اسپتال پہنچ گئے۔انہوں نے مرحوم کے لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور انہیں صبر کی تلقین کی۔عبدالواحد غوری مرحوم کی میت تدفین کیلئے ٹنڈو محمد خان روانہ کر دی گئی ہے۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے عبدالواحد غوری کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم حیدرآباد زون ٹنڈو محمد خان سیکٹر کے سابق سیکٹر انچارج عبدالواحد غوری کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔24،جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم حیدرآباد زون ٹنڈو محمد خان سیکٹر کے سابق سیکٹر انچارج عبدالواحد غوری کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔(آمین)

## ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر کے شہید کارکن شاہد علی کے بھائی اور لیاقت آباد سیکٹر کے کارکن کی والدہ محترمہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔24،جولائی2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 107 کے شہید کارکن شاہد علی کے بھائی سید اشرف علی اور ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 164 کے کارکن محمد عتیق صدیقی کی والدہ محترمہ نسرین بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## کراچی، سندھ اور ملک بھر سے طالبانائزیشن کی سازش اور اس کے در پردہ قوتوں کا خاتمہ وقت کی اہم ضرورت ہے، پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی بن قاسم ٹاؤن سیکٹر میں کارکنان کے اجتماع سے خطاب

کراچی۔۔۔24، جولائی 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی نے کہا ہے کہ کراچی ، سندھ اور ملک بھر سے طالبانائزیشن کی سازش اور اس کے در پردہ قوتوں کا خاتمہ وقت کی اہم ضرورت ہے ۔ یہ بات ایم کیوایم پختون آرگنائزنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج شاہد اقبال، اراکین الیاس بابر اور حنیف اتمان خیل نے بن قاسم ٹاؤن سیکٹر میں کارکنان کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس میں مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے کارکنان نے کثیر تعداد میں شرکت کی ۔ اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ واحد سیاسی جماعت تھی جس نے قومی اسمبلی میں نام نہاد نظام عدل ریگولیشن کی اور اس سلسلے میں جراتمندانہ کردار ادا کیا ۔ انہوں نے کہا کہ کراچی اور اس کے مضافاتی علاقوں سے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں نے طالبان کے کئی دہشت گردوں کو مہلک ہتھیاروں اور خودکش جیکٹوں سمیت گرفتار کیا ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے طالبانائزیشن کے حوالے سے جن خدشات کا اظہار کیا تھا وہ سچ ہیں ۔ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ انتہاء پسندی اور دہشت گردی کے خلاف پرامن جدوجہد جاری رکھیں ۔

☆☆☆☆☆